# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 07 September-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷/ستمبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ دس روزہ گنیش اُتسو کا اختتام-ڈھول تاشوں کی گونج اور احترام کے ساتھ کیا گیا گنیش کو وداع۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کا انوکھا اقدام-گنیش مورتیوں کے نذرانے جمع کرنے والوں کو نامیاتی کھاد کا تحفہ۔

☆ جی ایس ٹی اصلاحات سے مجموعی قومی پیداوار میں 20 لاکھ کروڑ روپے کا اضافہ ہوگا-مرکزی وزیر اشونی ویشنو کا عندیہ۔

☆ حیدرآباد گزیٹیئر کے خلاف آئندہ ماہ بڑے پیمانے پر احتجاجی مورچہ نکالنے کا او بی سی تنظیموں کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ آج' بھارت اور جنوبی کوریا کے مابین مردوں کے ایشیا کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا خطابی مقابلہ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

دس روزہ گنیش اُتسوکل اختتام پذیر ہوگیا۔تقریباً 12 گھنٹے سے زائد جاری رہنے والے گنیش مورتی وسرجن کے جلوس کے دوران عقیدت مندوں میں جوش وخروش دیکھا گیا۔انتظامیہ نے وسرجن کے جلوس کو پُرامن ماحول میں مکمل کرنے کیلئے وسیع انتظامات کیے تھے اور حفاظت کے نقطۂ نظر سے جگہ جگہ پولس اہلکار بھی تعینات کیے گئے تھے۔

ممبئی میں، وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اپنی سرکاری رہائش گاہ ورشا میں بٹھائی گئی گنیش کی مورتی کو روایتی انداز میں اپنے گھر کے صحن میں بنائے گئے ایک مصنوعی تالاب میں سپردِ آب کیا۔وسرجن کے بعد صحیفہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے آئندہ سال جلد سے جلد گنیش اُتسوآنے کی خواہش کا اظہار کیا۔

ممبئی کے گرگاؤں چوپاٹی پر وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے سمیت کئی شخصیات گنیش وسرجن کی تقاریب میں موجود تھیں۔ممبئی میونسپل کارپوریشن نے گنیش مورتیوں کو سپردِ آب کرنے کیلئے 70 قدرتی پانی کے ذخائر سمیت مختلف سہولیات سے آراستہ تقریباً 290 مصنوعی تالاب فراہم کیے تھے۔

پونے میں وسرجن کے جلوس روایتی جوش وخروش اور عقیدت کے ساتھ نکالے گئے۔ پانچ اہم گنیش مورتیوں کے بعد، دوسرے بڑے منڈلوں کی گنیش مورتیوں کو ڈھول اور تاشوں کی گونج میں پورے نظم وضبط کے ساتھ غرقاب کیا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں وسرجن کے جلوس کا آغاز سنستھان گنپتی کی آرتی کے ساتھ ہوا۔میونسپل کارپوریشن نے شہر میں 21 مقامات پر وسرجن کنویں اور مصنوعی تالابوں کا انتظام کیا تھا اور 41 مقامات پر گنیش مورتیاں جمع کرنے کیلئے مراکز قائم کیے تھے۔چھترپتی سمبھاجی نگر کے پولس کمشنر پروین پوار کی جانب سے ڈی جے کے استعمال سے گریز کرنے کی اپیل پر ڈھول، تاشوں اور جھانجھ کے روایتی آلات کی گونج میں نکالے گئے وسرجن جلوس سب کی توجہ اپنی جانب مبذول کررہے تھے۔قانون ساز کونسل کے سابق حزبِ مخالف قائد امباداس دانوے نے بھی ڈھول بجاکر وسرجن کے جلوس میں شرکت کی۔

پربھنی کے پولس سپرنٹنڈنٹ رویندر سنگھ پردیشی نے بھی ڈالبی سے پاک وسرجن جلوسوں کی اپیل کی تھی۔ جس پر عقیدت مندوں سمیت پولس سپرنٹنڈنٹ پردیشی نے بھی پربھنی شہر سے نکلنے والے وسرجن جلوس میں روایتی آلات بجاتے ہوئے شرکت کی۔

ناندیڑ میں میونسپل کارپوریشن کی جانب سے بھی شہر کے 28 مقامات پر مورتیاں اور نذرانے جمع کرنے کے مراکز کا انتظام کیا گیا تھا۔ان مراکز پر کل 25 ہزار میٹرک ٹن چڑھاوے اکٹھا کیے گئے۔

دھاراشیو شہر میں گنیش وسرجن جلوس میں حب الوطنی کے مناظر پر مبنی جھانکیاں شامل کی گئیں۔ بھگت سنگھ، سکھ دیو اور راج گرو کی سزائے موت کے بعد پورے ملک میں غصے کی لہر اور حب الوطنی کے جذبات کو لوک مانیہ تلک گنیش منڈل نے وسرجن کے جلوس میں جھانکی کے ذریعے پیش کیا۔

ڈی جے سے پاک جلوس، گنیش مورتیوں کا عطیہ اور مورتیوں کے وسرجن کیلئے مصنوعی تالابوں کا بڑھتا ہوا استعمال اس سال کے گنیش وسرجن جلوس کی اہم خصوصیات تھیں۔ اس سال کئی میونسپل کارپوریشنوں نے گنیش مورتی اکٹھا کرنے کے انتظامات کیے تھے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن نے گنیش کی مورتیوں کے ساتھ مورتیوں پر چڑھائے گئے نذرانے جمع کرنے اور بدلے میں، عقیدت مندوں کو نامیاتی کھاد تحفے میں دینے کا انوکھا اقدام کیا۔

***** ***** *****

دریں اثنا، ناندیڑ ضلع میں گنیش وسرجن کے دوران دو نوجوانوں کے غرقاب ہوجانے کا حادثہ پیش آیا۔ گاڑے گاؤں کی آسنا ندی میں تین نوجوان پانی میں ڈوب گئے تھے، جن میں سے ایک کی نعش مل گئی، جبکہ 17 سالہ یوگیش اُبالے اور 18 سالہ بالاجی اُبالے ابھی تک لاپتہ ہیں۔ ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ قومی انسدادِ ہنگامی حالات دستے کی ایک ٹیم ان دونوں کی تلاش میں مصروف ہے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ اشیا اور خدمات ٹیکس (جی ایس ٹی) اصلاحات کے فوائد عام آدمی تک پہنچائے جائیں اور وہ خود اس پر ذاتی توجہ دیں گی۔ وہ گزشتہ روز ایک نجی نیوز چینل کو دیئے گئے انٹرویو میں مخاطب تھیں۔ انھوں نے صارفین سے بھی نئے ٹیکس اصلاحات کے فوائد نہ ملنے کی صورت میں متعلقہ حکام سے شکایت کرنے کی اپیل کی۔

دریں اثنا' اطلاعات اور ٹکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے یقین ظاہر کیا ہے کہ جی ایس ٹی اصلاحات سے مجموعی قومی پیداوار میں 20 لاکھ کروڑ روپے کا اضافہ ہوگا اور اس سے ملک کی معیشت کو بڑا فروغ ملے گا۔ وہ گزشتہ روز نئی دہلی میں صحیفہ نگاروں سے بات کر رہے تھے۔ ویشنو نے کہا کہ یہ متوسط طبقے کیلئے ایک بڑی راحت ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Ashwini Vaishnav**

دریں اثنا، جی ایس ٹی ڈھانچے میں اصلاحات کے بعد کپڑے اور جوتے چپل کے داموں میں کمی آئی ہے۔ ہاتھ سے بنے ہوئے کپڑے اور دستکاری والی شال پر پہلے 12 فیصد ٹیکس عائد تھا، جسے اب کم کرکے پانچ فیصد کردیا گیا ہے۔

اسی طرح ٹوپیوں اور چھتریوں پر عائد ٹیکس 12 سے کم کرکے پانچ فیصد کردیا گیا ہے۔ ڈھائی ہزار روپے سے کم قیمت کے جوتے چپلوں پر پانچ فیصد ٹیکس عائد ہوگا، جبکہ ڈھائی ہزار روپے سے زائد قیمت والے کپڑوں پر ٹیکس 12 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کردیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن سے متعلق حیدرآباد گیزٹ کو نافذ کرنے کے ریاستی حکومت کے فیصلے کے خلاف او بی سی تنظیموں نے بڑے پیمانے پر مورچہ نکالنے کا انتباہ دیا ہے۔ ودربھ کے تمام اضلاع کی او بی سی تنظیموں کا کل ناگپور میں ایک اجلاس ہوا، اس موقعے پر او بی سی رہنما اور قانون ساز اسمبلی میں کانگریس لیڈر وجئے وڑیٹیوار موجود تھے۔ ریاستی حکومت نے او بی سی زمرے سے مراٹھا سماج کو ریزرویشن دینے کیلئے پہلے جاری کیے گئے سرکاری فیصلے میں ''اہل'' لفظ کا استعمال کیا تھا۔ تاہم بعد میں دوسرا سرکاری فیصلہ جاری کرتے ہوئے ''اہل'' لفظ کو حذف کر دیا گیا۔ وڑیٹیوار نے بتایا کہ اس کے خلاف آئندہ ماہ اکتوبر میں ناگپور میں او بی سی طبقات کا متحدہ مورچہ نکالا جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں آج شاعر بی رگھوناتھ کی یاد میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے۔ تلک نگر کے بھاسکر راؤ آروبکر اجلاس ہال میں منعقد ہونے والی اس تقریب میں مصنف پرساد کمٹھیکر کو ان کے کہانیوں کے مجموعے ''اِتر گوشٹی'' کی تصنیف پر بی رگھوناتھ ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ اس موقعے پر نامور شعراء کی نظموں پر مبنی صد سالہ نظمیں بھی پیش کی جائیں گی۔

پربھنی میں بھی آج بی رگھوناتھ کالج میں مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد اور اکشر پرتشٹھان کی پربھنی شاخ کے اشتراک سے ایک کوی سمّیلن کا انعقاد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مردوں کے ایشیا کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا فائنل مقابلہ آج بھارت اور جنوبی کوریا کے مابین کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے بہار کے راجگیر میں ہوگا۔ کل، بھارت نے سپر فور مرحلے کے ایک میچ میں چین پر سات صفر سے فتح حاصل کر کے میڈل ٹیلی میں سرِفہرست مقام حاصل کیا۔

اسی بیچ، چین میں جاری خواتین کے ایشیا کپ ہاکی ٹورنامنٹ میں بھارت اور جاپان کا میچ دو۔ دو گول سے برابری پر ختم ہوا۔ بھارتی ٹیم کا اگلا مقابلہ کل سنگاپور سے ہوگا۔

***** ***** *****

ناسک ضلعے میں بارش کا زور بڑھنے کے باعث پیٹھن کے جائیکواڑی پشتے میں پانی کی آمد میں اضافہ ہوگیا ہے اور فی الحال 17 ہزار ملین کیوبک فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے ڈیم میں پانی کی آمد ہو رہی ہے۔ جس کے بعد گذشتہ رات سے پشتے سے پانی کے اخراج میں اضافہ کر دیا گیا ہے اور ڈیم کے 18 دروازوں سے 18 ہزار 864 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی گوداوری ندی میں چھوڑا جا رہا ہے۔ محکمہ آبپاشی نے پانی کی آمد کے پیشِ نظر پانی کے اخراج کی مقدار مزید اضافے کے امکان کو دیکھتے ہوئے ندی کے کنارے آباد دیہاتوں کے ساکنان سے احتیاط برتنے کی اپیل کی ہے۔

ڈویژن میں، بیلدری آبی پشتے سے تقریباً سات ہزار، عیسیٰ پور پشتے سے تقریباً ساڑھے آٹھ ہزار اور ماجل گاؤں آبی منصوبے سے تقریباً دو ہزار ملین مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی خارج کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

موسم

ریاست کے کوکن اور ودربھ کے چند اضلاع اور مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر اور جالنہ کیلئے محکمۂ موسمیات نے بارش کا یلو الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ پالگھر اور ناسک اضلاع کے کچھ علاقوں کیلئے آج بارش کا آرینج الرٹ دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دس روزہ گنیش اُتسو کا اختتام۔ ڈھول تاشوں کی گونج اور احترام کے ساتھ کیا گیا گنیش کو وداع۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کا انوکھا اقدام۔ گنیش مورتیوں کے نذرانے جمع کرنے والوں کو نامیاتی کھاد کا تحفہ۔

☆ جی ایس ٹی اصلاحات سے مجموعی قومی پیداوار میں 20 لاکھ کروڑ روپے کا اضافہ ہوگا۔ مرکزی وزیر اشونی ویشنو کا عندیہ۔

☆ حیدرآباد گزیٹیئر کے خلاف آئندہ ماہ بڑے پیمانے پر احتجاجی مورچہ نکالنے کا او بی سی تنظیموں کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ آج، بھارت اور جنوبی کوریا کے مابین مردوں کے ایشیا کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا خطابی مقابلہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****